E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعرات 29 اکتوبر 2026ء/17 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 257

تقریباً 94.30 کلومیٹر گجرات سرگودھا روڈ کی تعمیرو بحالی کی جائیگی، دورویہ سڑک کے اطراف میں پختہ کنارے بھی بنائے جارہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کا منڈی بہاؤالدین کے عوام کیلئے 4 ارب روپے کے پراجیکٹ کا تحفہ

منڈی بہاؤالدین صدر بازار کی بیوٹیفکیشن، 6 کروڑ 99 لاکھ روپے کی لاگت سے کی گئی، فٹ ٹائل اور سٹریٹ لائٹس بھی لگائی گئیں

اولڈ غلہ منڈی کی بحالی اور بیوٹیفکیشن پر 9 کروڑ 70 لاکھ روپے خرچ ہوئے ، چنیلیاں والا میں 1849 کی جنگ کی یادگار کا دورہ بھی کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے منڈی بہاؤالدین کے عوام کے لئے اربوں روپے کے پراجیکٹ کا افتتاح کردیا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گجرات سرگودھا روڈ کی تعمیر و بحالی کی جائے گی، ضلع منڈی بہاؤالدین میں واقع دورویہ سڑک کے اطراف میں پختہ کنارے گجرات سرگودھا روڈ پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ تقریباً 94.30 کلومیٹر گجرات سرگودھا روڈ کی تعمیر و بحالی کے پراجیکٹ کو 4 ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا جائے گا، اور علی بابا کے تعاون سے ایکسپورٹ پروموشن بورڈ علی بابا کے ساتھ مل کر ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے تعاون یقینی بنائے

منڈی بہاؤالدین صدر بازار کی بیوٹیفکیشن پر 6 کروڑ 99 لاکھ روپے لاگت آئی، صدر بازار کی بیوٹیفکیشن میں ٹف ٹائل اور سٹریٹ لائٹس بھی لگائی گئی ہیں، بازار کی لاگت سے کی گئی ہے۔ منڈی بہاؤالدین صدر بازار کے روایتی داخلی گیٹ کی بحالی کیساتھ ساتھ بازار میں ٹف ٹائل اور سٹریٹ لائٹس بھی لگائی گئی ہے۔ صدر بازار کی لاگت سے کی گئی ہے۔ منڈی بہاؤالدین صدر بازار کے روایتی داخلی گیٹ کی بحالی کیساتھ ساتھ بازار میں ٹف ٹائل اور سٹریٹ لائٹس بھی لگائی گئی ہے۔ صدر بازار کی لاگت سے کی گئی ہے۔ منڈی بہاؤالدین صدر بازار کی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا افتتاح کردیا۔ منڈی بہاؤالدین صدر بازار کی بیوٹیفکیشن 6 کروڑ 99 لاکھ روپے کی لاگت سے کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر یلے محمد حنیف عباسی ملاقات کررہے ہیں

پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی، پوائنٹ ایف آئی اے اور دستک کا خواتین کے تحفظ کے قانون میں مجوزہ جرائم پر چابڑلہ خیال

لاہور (این این آئی) اقوام متحدہ کے ادارے پوائنٹ ایف آئی اے اور دستک کے وفد نے ڈائریکٹر جنرل پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی ڈاکٹر فہمی نذیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پنجاب پروٹیکشن آف ویمن ایکسٹ وائلنس ایکٹ 2016 میں مجوزہ ترامیم اور موجودہ قانونی نظام میں بہتری کے امکانات پر چابڑلہ خیال کیا گیا۔

علی بابا سے تعاون بڑھایا جائے گا، شہباز شریف

ایکسپورٹ پروموشن بورڈ علی بابا کے ساتھ مل کر ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے تعاون یقینی بنائے

علی بابا پر پاکستانی مصنوعات کی برآمدات کیلئے خصوصی ویب سائٹ پر خصوصی پاکستان پویلین قائم کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ علی بابا کی جانب سے پاکستان کی زرعی اجناس کی برآمد کیلئے چینی مارکیٹس میں برآمد کیلئے تعاون خوش آئند ہے، علی بابا کے تعاون سے کینکر کی ہیلتھی نعمتیں کے نظام کا اطلاق بھی جلد یقینی بنایا جائے، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تحت جاری پروگرام ای کنائیوٹ اور علی بابا کے تعاون سے مصنوعی ذہانت کے شعبے میں آئی ٹی کمرشیلائزیشن کی 15 دن کی فریزنگ کے پروگرام کو جلد شروع کیا جائے، اور کل، علی بابا کے تعاون سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین دوران کے اغوا نامہ کے مسائل سن کر احکامات جاری کررہے ہیں

فرعون نے تنکے کا راستہ اختیار کیا، ملک کی جنرل کا نہیں، سب کا ہے، فضل الرحمان

ہم آپ کے ہاتھوں مرنے کیلئے تیار ہیں مگر ہتھیار نہیں مرنے کے لیے تیار نہیں ہیں، ہر راہ جمعیت علمائے اسلام

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم آپ کے ہاتھوں مرنے کو تیار ہیں تاریخ کے ہاتھوں مرنے کو تیار نہیں ہیں، ہر راہ

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول مین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

منڈی بہاؤالدین کے عوام کے لئے اربوں روپے کے پراجیکٹ کا افتتاح

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے منڈی بہاؤالدین کے عوام کے لئے اربوں روپے کے پراجیکٹ کا افتتاح کردیا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو گجرات سرگودھا روڈ پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ تقریباً 94.30 کلومیٹر گجرات سرگودھا روڈ کی تعمیر و بحالی کے جائے گی۔ ضلع منڈی بہاؤالدین میں واقع دو رویہ سڑک کے اطراف میں پختہ کنارے بھی بنائے جارہے ہیں۔ گجرات سرگودھا روڈ کی تعمیر پر لاگت کا تخمینہ 9 ارب 80 کروڑ روپے ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے منڈی بہاؤالدین صدر بازار کی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا افتتاح کردیا۔ منڈی بہاؤالدین صدر بازار کی بیوٹیفکیشن 6 کروڑ 99 لاکھ روپے کی لاگت سے کی گئی ہے۔ منڈی بہاؤالدین صدر بازار کے روایتی داخلی گیٹ کی بحالی کیساتھ ساتھ بازار میں لمٹ ٹائل اور سٹریٹ لائٹس بھی لگائی گئی ہے۔ صدر بازار کی خوبصورتی کو بڑھانے کیلئے فوارہ بھی نصب کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اولڈ غلہ منڈی کی بیوٹیفکیشن کے پراجیکٹ کا افتتاح بھی کیا۔ منڈی بہاؤالدین اولڈ غلہ منڈی کی بحالی اور بیوٹیفکیشن پر 9 کروڑ 70 لاکھ روپے خرچ ہوئے۔ اولڈ غلہ منڈی میں یادگار اور دیگر شاندار سہولتوں کے ساتھ خوبصورت پارک کی شکل دی گئی ہے۔ یونیورسٹی آف رسول 9 ارب 79 کروڑ روپے کی لاگت سے بنائی گئی ہے۔ یونیورسٹی آف رسول میں اکیڈمک بلاک ون اور ٹو، اکیڈمک بلاک سٹوڈنٹ سروس سنٹری تعمیر مکمل ہوچکی ہے۔ یونیورسٹی آف رسول میں طلبہ کیلئے چار ہوسٹل اور چیئرز فیکلٹی کیلئے ہوسٹل کے علاوہ 53 رہائش گاہیں بھی تعمیر کی گئی ہیں۔ یونیورسٹی آف منڈی بہاؤالدین کی لائبریری بھی جلد مکمل کرلی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چیلیاں والا میں 1849 کی جنگ کی یادگار کا دورہ بھی کیا۔

ایل پی جی کی بڑھتی ضرورت، مستقل ریگولیٹری نظام ناگزیر

ملک میں گیس کے شدید بحران کے دوران عمان سے سات ہزار میٹرک ٹن سے زائد ایل پی جی لے کر آنے والے دو جہازوں کی آمد توانائی کی ضروریات پوری کرنے کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اس سے مارکیٹ میں گیس کی دستیابی بہتر ہونے اور قیمتوں میں کمی کی امید پیدا ہوئی ہے تاہم یہ امر بھی پیش نظر رہنا چاہیے کہ گھٹی آمدنی کھپوں کی آمد سے توانائی کے مسائل مستقل طور پر حل نہیں ہو سکتے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ حکومت ایل پی جی کی فراہمی، قیمتوں کے تعین، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور تحفظ تقسیم کے حوالے سے ایک جامع اور مؤثر نظام تشکیل دے۔ بلیک مارکیٹنگ کو بھرپور طریقے سے روکا جائے اور ذمہ داروں کو سزا دی جائے۔ ایل پی جی کی قیمت کا تعین بین الاقوامی منڈی میں طلب و رسد کی بنیاد پر ہوتا ہے، اس لیے اس کی قیمت میں اتار چڑھاؤ ایک فطری عمل ہے۔ تاہم اس کے ساتھ ساتھ شفاف طرز عمل، بروقت فیصلہ سازی اور عوام کو اعتماد میں لینا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ ایل پی جی کی بلا تعطل فراہمی کے لیے درآمدی ذرائع میں تنوع پیدا کرنا بھی اہم ہے۔ کسی ایک راستے، سمندری سپلائی کے ذریعے پر غیر ضروری انحصار کی صورت میں معمولی رکاوٹ بھی جنگی مارکیٹ کو متاثر کرسکتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ درآمدات کی متبادل منصوبہ بندی کرے، مناسب ذخائر برقرار رکھے اور طلب و رسد کے اعداد و شمار کی بنیاد پر فیصلے کرے۔ اس طرح کس بحرانی صورت حال میں اچانک قلت اور قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے امکانات کم کیے جاسکتے ہیں۔ اس ضمن میں ذخیرہ کرنے کی سہولتوں میں اضافہ اور موجودہ بنیادی ڈھانچے کی بہتری بھی ناگزیر ہے۔ ایل پی جی کے تحفظ و ذخیرہ، معیاری نقل و حمل، منڈی کے نرخ، نقل و حمل کے اخراجات اور دیگر حفاظتی امور کا شفاف انداز میں مظہر کیا جائے۔ سرکاری شعبہ کی اعلان کردہ گیس کی قیمتوں کے تعین میں درآمدی لاگت، عالمی

یقینی نمبر ---------- 1

خوبصورتی کو بڑھانے کیلئے فوارہ بھی نصب کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے لاہور لٹریچر فیسٹیول کا افتتاح کیا۔ فیسٹیول کے پہلے روز 70 کتابوں کا رونمائی ہوئی۔ ایڈیشنل آئی جی لاہور ڈاکٹر عثمان انور نے فیسٹیول کا دورہ کیا۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک ڈاکٹر حیدر اشرف نے بھی

سیف سٹی کیمروں سے جرائم پر قابو پایا جائے، CPO

بزنس کمیونٹی کو اس کا دائرہ کار وسیع کرنے کیلئے اپنی فیکٹریوں اور گھروں میں مزید کیمرے لگوانے چاہئیں تاکہ جرائم کو صفر پر لایا جاسکے

فیصل آباد میں جرائم کی شرح قدرے زیادہ تھی تاہم گزشتہ چند ماہ کے دوران حکمت عملی سے جرائم میں خاطر خواہ کمی آئی ہے اور اس کی سب سے بڑی وجہ سی سی ٹی وی کیمرے ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سیف سٹی کیمروں سے جرائم پر قابو پانے میں کافی مدد ملی ہے تاہم بزنس کمیونٹی کو اس کا دائرہ کار وسیع کرنے کیلئے اپنی فیکٹریوں اور گھروں میں مزید کیمرے لگوانے چاہئیں تاکہ جرائم کو صفر پر لایا جاسکے۔ یہ بات سٹی پولیس آفیسر تنویر حسین نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سی پی او نے اپنی باضابطہ گفتگو سے پہلے بزنس کمیونٹی کیلئے اپنے تھنکھانہ کارکردگی بارے حقائق پر مبنی پریزنٹیشن دی جس میں پچھلے چند ماہ کے دوران جرائم کی شرح میں کمی کو واضح کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جب اُن کی تعیناتی ہوئی تو پنجاب کے دوسرے اضلاع کے مقابلے میں فیصل آباد میں جرائم کی شرح قدرے زیادہ تھی تاہم گزشتہ چند ماہ کے دوران اُن کی حکمت عملی سے جرائم میں خاطر خواہ کمی آئی ہے اور اس کی سب سے بڑی وجہ سی سی ٹی وی کیمرے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج عوام سمیت خواتین خود کو محفوظ سمجھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف بھی فوری کارروائی کی گئی اور آج ایسے واقعات کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

پاکستان ٹیکس بار کا شرح سود میں اضافے پر تشویش کا اظہار

بلند ترین شرح سود، ٹیکس ریٹس کی وجہ سے کاروبار کرنا مشکل ہوگیا، صدر شیخ احسان الحق

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر شیخ احسان الحق، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ، سینئر نائب صدر شیخ یاسین، نائب صدور شہباز قادر، رانا منظور حسین اور عامر حنیف نے شرح سود 12 فیصد ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرح سود میں اضافے اور بھاری ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے کاروباری طبقے کو مزید مشکلات سے دوچار کرنا لمحہ فکریہ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بلند ترین شرح سود اور ٹیکس ریٹس کی وجہ سے کاروبار کرنا مشکل بنا دیا گیا ہے جس کے منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ پاکستان ٹیکس بار کے عہدیداران نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ ٹیکس دھولیوں میں اضافے کے لیے ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے ساتھ ٹیکس ریٹس میں کمی کرے۔

پاکستانی قوم کا ہر شہری مظلوم کشمیری بھائیوں کیساتھ کھڑا ہے، مشیر

پاکستانیوں اور کشمیریوں کا رشتہ ازل سے ہے جو ابد تک رہے گا، یہ خون، محبت، احترام اور امن کا رشتہ ہے جسے دنیا کی کوئی طاقت ختم نہیں کرسکتی

انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کی فضا میں سانس لے رہے ہونگے اور بھارتی ظلم وستم کی 80 سالہ داستان ختم ہوجائے گی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستانیوں اور کشمیریوں کا رشتہ ازل سے ہے جو ابد تک رہے گا، یہ خون، محبت، احترام اور امن کا رشتہ ہے جسے دنیا کی کوئی طاقت ختم نہیں کرسکتی، آج یوم سیاہ پر ہمارا ایک ہی نعرہ جو پوری دنیا میں گونج رہا "کشمیر بنے گا پاکستان"۔ یوم سیاہ کشمیر پر پنجاب کونسل آف آرٹس فیصل آباد کے زیر اہتمام نصرت فتح علی خاں آڈیٹوریم میں پرہجوم طالب علموں، افسران، اساتذہ اور سول سوسائٹی کی موجودگی میں اپنا احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کی فضا میں سانس لے رہے ہونگے اور بھارتی ظلم وستم کی 80 سالہ داستان ختم ہوجائے گی۔ کمشنر نے کہا کہ 27۔اکتوبر دنیا کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب بھارت نے کشمیر پر غیر قانونی طور پر قبضہ کرکے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ حق خودارادیت کشمیریوں کا حق ہے جسے کوئی نہیں چھین سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اہلیان پاکستان اہلیان کشمیر کے ساتھ تھے ہیں اور خون کے آخری قطرہ تک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)


جھنگ میں تیسواں نقشبندی اجتماع 30 اکتوبر سے شروع ہوگا

یکم نومبر تک جاری اجتماع میں معروف علما کرام کے اصلاحی وتربیتی بیانات ہوں گے

فیصل آباد (پ ر) خانقاہ معصومیہ الفقیر الاسلامی العالمی جھنگ میں تیسواں نقشبندی اجتماع 30 اکتوبر بروز جمعہ المبارک سے شروع ہوگا، جو یکم نومبر بروز اتوار قبل از ظہر اختتامی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوگا۔ جانشین حضرت جی پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی رحمہ اللہ، صاحبزادہ حضرت پیر مولانا حبیب اللہ احمد نقشبندی مجددی دامت برکاتہم العالیہ کی سرپرستی میں منعقدہ اجتماع میں صاحبزادہ حضرت مولانا پیر سیف اللہ احمد نقشبندی، جانشین مرشدِ عالم پیر عبدالقدوس نقشبندی، حضرت پیر عبدالماجد صدیقی نقشبندی، حضرت پیر محمد شاہ اور ملک کے معروف علما کرام شرکت کریں گے اور اصلاحی و تربیتی بیانات فرمائیں گے۔ حافظ عبدالعزیز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

تنازعہ کشمیر خطے کے عوام اور عالمی امن کیلئے مستقل خطرہ ہے، طالب صدیق

بھارت یاد رکھے کہ وہ گولیوں کے ذریعے کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو کچل نہیں سکتی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران سٹی فیصل آباد کے سینئر وائس چیئرمین ا لمدینہ کمرشل مارکیٹ گنیش مل روڈ کے سرپرست اعلیٰ مرزا طالب صدیق بیگ نے کہا ہے کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں بے گناہ کشمیریوں کے ساتھ ایک عرصہ سے درندگی کا کھیل کھیلتے ہوئے انسانی حقوق کی پامالی کر رہا ہے لیکن بھارت یاد رکھے کہ وہ گولیوں کے ذریعے کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو کچل نہیں سکتی ہے ناہی بندوق کی نوک پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی جائز جدوجہد کو دبایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



فیصل آباد: سی پی او تنویر حسین لونی جانبوالی رقم مالکان کو واپس کرنے کے بعد ایس ایچ او نشاط آباد رانا ساجد محمود کو پھولوں کے ہار پہنا رہے ہیں

یونیورسٹی روڈ پر 2.7 کلومیٹر کام ایک سال میں بھی مکمل نہ ہوسکا، 94 کلومیٹر لائنیں 22 ماہ میں بچھانے کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) کراچی واٹر اینڈ سیوریج سروسز امپرومنٹ پروجیکٹ (کے ڈبلیو ایس آئی پی) کے تحت یونیورسٹی روڈ پر نیا چورنگی سے حسن اسکوائر تک کے فور آپ گریڈیشن لائنوں کی تنصیب کا کام مسلسل تاخیر کا شکار ہے۔ محض 2.7 کلومیٹر طویل حصے پر کام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

بھارتی جیلوں سے 9 سال بعد رہا ہونے والے 4 پاکستانی ماہی گیر ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے

کراچی (این این آئی) بھارتی جیلوں سے 9 سال بعد رہائی پانے والے چار پاکستانی ماہی گیروں کو رینجرز حکام نے ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے کردیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق رہائی پانے والے ماہی گیروں میں احمد نواز، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

قائداعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا

پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے صدر رائے شہادت کھرل کا اظہار خیال

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے صدر رائے شہادت کھرل پی پی سٹی پیجیانہ کے صدر ندیم اقبال بھٹی نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا ہے اس لئے پاکستانی قوم کشمیریوں کے ساتھ کھڑی تھی، کھڑی ہے اور کھڑی رہے گی شہید قائد عوام بھٹو بینظیر کے ویژن کے مطابق پیپلز پارٹی اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ تحریک آزادی کی کامیابی تک بھرپور جدوجہد کریں گے۔ عالمی دہشت گرد اسرائیل اور بھارت کو سمجھنا ہوگا کہ جبر کے تمام ہتھکنڈے اور ریاستی دہشت گردی کو پالیسی کے طور پر استعمال کرنے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

پی ٹی آئی کو قانون کا راستہ اختیار کرنا چاہئے، شفیق گجر

موجودہ حالات میں معاشی استحکام کے ساتھ سیاسی استحکام کی بھی ضرورت ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق رکن پنجاب اسمبلی چودھری شفیق احمد گجر نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں معاشی استحکام کے ساتھ سیاسی استحکام کی بھی ضرورت ہے سیاسی تناؤ کم کرنے کے لیے حکومت اور اپوزیشن کو ایک ٹیبل پر بیٹھ کر سیاسی اور معاشی حالات معاملات طے کرنے چاہئیں۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات اور معاشی حالات میں 27 اکتوبر کو پی ٹی آئی لائحہ عمل قابل عمل نہیں ہوسکتا جمہوریت اور آئین کے مطابق دونوں فریقین کو معاملات کا حل تلاش کرنا چاہئے۔ بانی پی ٹی آئی اور دیگر قیدیوں کی رہائی کے لیے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)



فیصل آباد: سیاسی وسماجی رضاکار اہلیان کی رخصتی تقریب میں سابق ناظم میونسپل کمیٹی چاند پور ٹک شاق ڈاکٹر احسان ٹک، ڈاکٹر بلال ڈاکٹر عمران کاشی علی رضوی، ارشم خان UK، عمران ٹک، فیاض سیف، عثمان فضل، عباس شاہ، ریحان آفاق، زریں شاہ، قاسم ایڈووکیٹ، آفاق بلال، وقار اور دیگر شریک ہیں، آخری طرف کیک کاٹا جارہا ہے

سرگودھا، زمین کے تنازعہ پر فریقین کے درمیان لڑائی میں مخالفین پر فائرنگ سے گولی گائے کو لگ گئی

سرگودھا (این این آئی) زمین کے تنازعہ پر فریقین کے درمیان لڑائی میں مخالفین پر فائرنگ سے گولی گائے کو لگ گئی جس کے شدید زخمی ہونے پر پولیس نے دونوں کا مقدمہ درج کرلیا اور ملزمان باپ بیٹوں کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

کشمیری عوام کی جدوجہد اور لازوال قربانیاں ان کے عزم وحوصلے کی عکاس ہیں

پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور متبوضہ جموں وکشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضے کے خلاف ضلع کونسل سے چوک گھنٹہ گھر تک ریلی نکالی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹرز عادل عمر نے ریلی کی قیادت کی۔ ریلی میں چیف آفیسر ایجوکیشن راؤ عبدالکریم، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن عثمان غنی، ایم ڈی سٹمرا پنجاب عمران نفیس، ایڈمن آفیسر ریاض حسین انجم اور سکولوں کے طلباء نے شرکت کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹرز نے کہا کہ 27۔اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا سیاہ دن ہے جب بھارت نے متبوضہ جموں وکشمیر پر غیر قانونی قبضہ کیا۔



فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک سینئر نائب صدر میاں محمد عید اور نائب صدر محمد لین کے ہمراہ بنگلہ دیش کے ہائی کمشن ایم ڈی اقبال حسین خان کو چیمبر کی شیلڈ پیش کررہے ہیں

مودی کی درندگی اور بھارتی جارحیت نہتے کشمیریوں کی جدوجہد کو کبھی ختم نہیں کرسکتی، ڈاکٹر معروف

دوسری جانب موجودہ وقت کا یزید اسرائیل نہتے فلسطینیوں پر ظلم و بربریت کی انتہا کررہا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) یونک ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کے صوبائی صدر ڈاکٹر معروف وینس نے کہا کہ مودی کی درندگی اور بھارتی جارحیت نہتے کشمیریوں کی جدوجہد کو کبھی ختم نہیں کرسکتی متبوضہ کشمیر میں بے بس مجبور خواتین کے ہال کاٹا مظلوم بچوں اور نوجوانوں کو ظلم وبربریت کا نشانہ بنانا کیا عالمی میڈیا اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی سوئی ہوئی غیرت کو جگانے کے لیے کافی نہیں ہے ہمارے مسلم حکمران اور نام نہاد انسانی حقوق کی علمبردار تنظیموں سمیت اقوام متحدہ بھارتی سفاکانہ ظلم وتشدد پر نظریہ ضرورت کے تحت کیوں خاموش ہیں؟ عالمی دہشت گرد امریکہ اور اسرائیل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

کراچی: ڈیفنس میں اسلحے کے زور پر شہریوں کو ہراساں کرنے کی ویڈیو وائرل، وزیر داخلہ کا نوٹس

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ڈیفنس میں کار سوار افراد کی جانب سے مبینہ طور پر اسلحے کے زور پر شہریوں کو ہراساں کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، جس کا وزیر داخلہ سندھ نے نوٹس لے لیا ہے۔ وائرل ویڈیو میں کار سوار افراد کو راہ گیروں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

حکمران اپنی عیاشیاں اور مراعات کم کریں، اصغر قیصر

تیل کی مارکیٹنگ کمپنیاں بھی اربوں کمارہی ہیں، آئی پی پیز کو اربوں کی ادائیگیاں ہورہی ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق وفاقی مشیر داخلہ ملک اصغر علی قیصر ایڈووکیٹ نے کہا کہ حکمران اپنی عیاشیاں اور مراعات کم کریں۔ موجودہ بدترین حالات میں بھی ریٹائرمنٹ کے منافع میں ایک ہزار سے گیارہ سو فیصد تک اضافے ہورہے ہیں، تیل کی مارکیٹنگ کمپنیاں بھی اربوں کمارہی ہیں، آئی پی پیز کو اربوں کی ادائیگیاں ہورہی ہیں، لیکن عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے، حکمران ریٹائرمنٹ پوری صلاحیت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

79 سال سے بھارتی ظلم کا شکار مظلوم کشمیری اپنی آزادی کو ترس رہے

قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کشمیر کے لیے ہزار سال تک جنگ کرنے کا اعلان کیا تھا، سدرہ بندیشہ



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ ہولڈر این اے 100 سدرہ سعید بندیشہ نے کہا کہ 79 سال سے بھارتی ظلم کا شکار مظلوم کشمیری اپنی آزادی کو ترس رہے ہیں، قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کشمیر کے لیے ہزار سال تک جنگ کرنے کا اعلان کیا تھا، پاکستان پیپلز پارٹی آج بھی اس پر قائم ہے مودی حکومت کے یہ اقدام غیر جمہوری اور غیر قانونی ہونے کے ساتھ ساتھ اقوام متحدہ کی قراردادوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32) اور چوتھے

حق خودارادیت ہر انسان کا بنیادی اور ناقابل تنسیخ حق ہے، بابر معراج


مسئلہ کشمیر تعطل ہندکا نامکمل ایجنڈا ہے، اور جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے اس کا منصفانہ حل ناگزیر ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) GIKI کے پرو ریکٹر بابر معراج شامی نے کہا ہے کہ بھارت نے ظلم، جبر اور ریاستی طاقت کے ذریعے کشمیری عوام کی آواز دبانے کی ہر ممکن کوشش کی، مگر ان کا عزم، حوصلہ اور استقامت آج بھی قائم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31) کو بھارتی

کشمیری عوام 1947 سے بھارتی ظلم وجبر کا سامنا کررہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی یورپ کے مرکزی صدر ڈاکٹر ارشاد کمبوہ کا اظہار خیال



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یورپ کے مرکزی صدر ڈاکٹر ارشاد کمبوہ نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ بھارتی مظالم کا نوٹس لینے کیلئے عالمی مبصرین کو متبوضہ جموں کشمیر میں بھیجے، کشمیری عوام 1947 سے بھارتی ظلم و جبر کا سامنا کررہے ہیں، حریت رہنما یسین ملک سمیت کئی حریت رہنماؤں کو بھارتی جیلوں میں زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں۔ مسئلہ کشمیر کا حل بہت ضروری ہے، دنیا کو مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرنا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

سرزمین کشمیر کے بغیر تکمیل پاکستان کا ایجنڈا نامکمل ہے، میاں ریاض

جنوبی ایشیا میں پائیدار اور دائمی امن کا قیام صرف اور صرف مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ حل پر منحصر ہے

بھارت کا گزشتہ سات دہائیوں سے جاری غیر قانونی قبضہ اور وادی کی خصوصیت کو ختم کرنا عالمی قوانین کے منافی ہے، سٹی نائب صدر پی پی پی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز پارٹی سٹی کے نائب صدر اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 116 میاں ریاض الحق نے 27 اکتوبر 1947 کے دن کو برصغیر کی تاریخ کا ایک سیاہ ترین باب قرار دیتے ہوئے متبوضہ جموں وکشمیر پر بھارتی افواج کے غاصبانہ تسلط اور معصوم شہریوں پر روا رکھے جانے والے مظالم کی شدید مذمت کی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 1947 میں آج ہی کے دن بھارتی غاصب فورسز نے سری نگر میں داخل ہوکر نہ صرف بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی صریحا خلاف ورزی کی تھی بلکہ کشمیری عوام کے بنیادی حق خودارادیت کو بھی پامال کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا گزشتہ سات دہائیوں سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

کشمیریوں کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، ارشد جٹ

متبوضہ جموں وکشمیر کے غیور اور صابر عوام کی بے مثال جدوجہد آزادی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر بھارتی مظالم کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متبوضہ جموں و کشمیر کے غیور اور صابر عوام کی بے مثال جدوجہد آزادی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 وہ منحوس دن تھا جب بھارتی غاصب فوجوں نے بزور طاقت سرینگر میں قدم رکھ کر بین الاقوامی قوانین اور انسانیت کی دھجیاں اڑائیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

انٹیمیشن تخلیقی صلاحیتوں اور جدید ٹیکنالوجی کا امتزاج ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

مراد علی شاہ کا عالمی یوم انٹیمیشن پر پیام، نوجوانوں پر انٹیمیشن مہارتیں حاصل کرکے تخلیقی صنعت اور ڈیجیٹل معیشت میں کردار ادا کرنے پر زور



کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم انٹیمیشن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن تخلیقی صلاحیتوں، جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل فنون کے فروغ کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹیمیشن آرٹ، کہانی اور ٹیکنالوجی کا امتزاج ہے اور نوجوان اس شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر نمایاں مقام حاصل کرسکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ کے مطابق سندھ حکومت کا پیپلز انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام (پی آئی ٹی پی) نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)



فیصل آباد: ایس ایس پی پٹرولنگ محمد طارق ملک چارج سنبھالنے کے بعد یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھاتے ہوئے

چونیاں، دوران آپریشن خاتون کے پیٹ میں تولیہ رہ جانے کا انکشاف

چونیاں (این این آئی) چونیاں کے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال میں ڈاکٹروں کی مبینہ غفلت سے آپریشن کے دوران خاتون کے پیٹ میں تولیہ رہ جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ حالت بگڑنے پر متاثرہ خاتون کو لاہور جنرل اسپتال منتقل کیا گیا اس حوالے سے متاثرہ خاتون (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

دفعہ 370 اور 35 اے کی بحالی کے لیے جدوجہد جاری رہے گی، فاروق عبداللہ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں نیشنل کانفرنس کے صدر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ دفعہ 370 اور 35 اے کی بحالی کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

سرکاری ونجی سطح پر تعلیمی اداروں میں قرآن وسنت کی تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے، ناظر حسین

غیر طبقاتی یکساں نظام تعلیم اور قومی زبان اُردو کے نفاذ پر تمام قومی جماعتیں اتفاق کرلیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) الائیڈ ہسپتال فیصل آباد کے نیورو سرجن پروفیسر ناظر حسین نے کہا ہے کہ شرح خواندگی میں اضافہ اور علمی، تکنیکی میدانوں میں نئی منازل تک رسائی کے ذریعے ہم خطے کے دیگر ممالک سے آگے نکل سکتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ جی ڈی پی کا کم از کم 5 فیصد حصہ تعلیم کے لیے مختص کیا جائے۔ سائنس و ٹیکنالوجی کے فروغ اور اِن شعبہ جات میں تحقیق وترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے کی غرض سے وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن کو درکار ضروری مالی، تکنیکی اور دیگر وسائل کی فراہمی یقینی بنائی جائے ڈاکٹر ناظر حسین نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

بھارتی مظالم اور جبر کشمیریوں کی آواز کو دبا نہیں سکے ہیں، اکرم پاشا

جموں وکشمیر کے تنازعہ کا واحد حل سلامتی کونسل کی قراردادوں میں مضمر ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا ہے کہ یہ وہ دن ہے جب 1947 میں بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں اپنی فوجیں غیر قانونی طور پر اتار دی تھیں تب سے بھارت اس علاقے پر زبردستی اور غیر قانونی قبضہ جمائے ہوئے ہے جموں وکشمیر کے تنازعہ کا واحد حل سلامتی کونسل کی قراردادوں میں مضمر ہے اس لئے عالمی برادری بھارت کی ہٹ دھرمی کے خاتمے اور کشمیر کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لئے اپنا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

میاں طاہر ایوب آئندہ سیشن کیلئے جماعت اسلامی کے ضلعی امیر منتخب

میاں طاہر ایوب شہر کے سیاسی، سماجی و کاروباری حلقوں میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ حلقہ گلستان کالونی سے مسلسل کئی مرتبہ میونسپل کونسلر، یونین ناظم اور چیئرمین منتخب ہو چکے

یکم نومبر کو اپنی ذمہ داری کا حلف اٹھائیں گے، لاہکپورٹاؤن سے ممبر امن کمیٹی بھی ہیں، زمانہ طالب علمی سے جماعت اسلامی سے وابستہ رہے ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) میاں طاہر ایوب آئندہ سیشن کیلئے جماعت اسلامی کے ضلعی امیر منتخب ہوگئے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے صوبائی امیر جاوید قصوری سے مشاورت کے بعد آئندہ 2 سالہ مدت کیلئے ان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ میاں طاہر ایوب شہر کے سیاسی، سماجی و کاروباری حلقوں میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ حلقہ گلستان کالونی سے مسلسل کئی مرتبہ میونسپل کونسلر، یونین ناظم اور چیئرمین منتخب ہو چکے ہیں۔ زمانہ طالب علمی سے جماعت اسلامی سے وابستہ رہے ہیں۔ اسلامی جمعیت طلبا کے ناظم شہر بھی رہ چکے ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

پیٹرول پر کسٹم ڈیوٹی 5 روپے 71 پیسے فی لیٹر کم کردی گئی، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (این این آئی) حکومت نے پیٹرول پر کسٹم ڈیوٹی میں کمی کردی، جبکہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس کا اطلاق فوری طور پر نافذ ہوگا۔ جاری کردہ تفصیلات کے مطابق پیٹرول پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

کراچی: عزیز آباد میں بجلی کی طویل بندش پر احتجاج، شہریوں نے سڑک بلاک کرکے ٹائر جلادیے

کراچی (این این آئی) شہر کے علاقے عزیز آباد، یاسین آباد میں شہید ملت کالج کے قریب بجلی کی طویل بندش کے خلاف علاقہ مکینوں نے احتجاج کیا، سڑک بلاک کردی اور ٹائر جلادیے۔ مظاہرین کے مطابق عزیز آباد کے بھگورہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ملک ذوالفقار علی

میونسپل کمیٹی فیصل آباد میں صفائی ستھرائی کی صورتحال انتہائی ابتر ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران سٹی سکا گروپ کے نائب صدر حاجی ملک ذوالفقار علی نے کہا ہے تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے لیکن بدقسمتی سے آج تاجر شدید مشکلات کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بھاری ہوں ٹیکسوں کی بھرمار اور مہنگائی نے چھوٹے تاجر کا جینا دوبھر کردیا ہے۔ شہر میں تجاوزات کے نام پر غریب دکانداروں کو تنگ کیا جارہا ہے جبکہ بڑے مافیاز کو کھلی چھٹی دی جارہی ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

میاں طاہر ایوب آئندہ سیشن کیلئے جماعت اسلامی کے ضلعی امیر منتخب

میاں طاہر ایوب شہر کے سیاسی، سماجی و کاروباری حلقوں میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ حلقہ گلستان کالونی سے مسلسل کئی مرتبہ میونسپل کونسلر، یونین ناظم اور چیئرمین منتخب ہو چکے

یکم نومبر کو اپنی ذمہ داری کا حلف اٹھائیں گے، لاہکپورٹاؤن سے ممبر امن کمیٹی بھی ہیں، زمانہ طالب علمی سے جماعت اسلامی سے وابستہ رہے ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) میاں طاہر ایوب آئندہ سیشن کیلئے جماعت اسلامی کے ضلعی امیر منتخب ہوگئے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے صوبائی امیر جاوید قصوری سے مشاورت کے بعد آئندہ 2 سالہ مدت کیلئے ان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ میاں طاہر ایوب شہر کے سیاسی، سماجی و کاروباری حلقوں میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ حلقہ گلستان کالونی سے مسلسل کئی مرتبہ میونسپل کونسلر، یونین ناظم اور چیئرمین منتخب ہو چکے ہیں۔ زمانہ طالب علمی سے جماعت اسلامی سے وابستہ رہے ہیں۔ اسلامی جمعیت طلبا کے ناظم شہر بھی رہ چکے ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

رانا محمد اشرف علی فلور ملز ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ممبر پنجاب منتخب

دعا ہے کہ آپ اسی جذبے، اتحاد اور خلوص کے ساتھ کامیابیوں کا سفر جاری رکھیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن (PFMA) کے انتخابات برائے 20262028 میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر آواز گروپ کے معروف بزنس مین چیف ایگزیکٹو رانا فلور ملز رانا گروپ آف کمپنیز حاجی رانا محمد اشرف علی خاں رانا کے صاحبزادے حافظ رانا اسد علی خاں رانا فلور ملز والوں کو بطور ایگزیکٹو ممبر پنجاب منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرنے کے موقع پر سابق چیئرمین سابق نائب صدر فیصل آباد چیمبر آف کامرس رانا ایوب اسلم تبج، رانا محمد خاں بھٹی سیکرٹری اطلاعات ونشریات انجم